45902-ویزاکارڈکے ساتھ لین دین کرنا حرام ہے، اورکیا وہ اپنے ذمہ رقم کی ادائیگی کرے ؟

سوال

ویزاکارڈکی بنا پرپانچ برس سے میرے ذمہ بنک کے (5800) ریال ہیں میں نے اس بنا پرادانہیں کیے کہ مجھے علم ہے یہ حرام ہیں، اوریقینی طورپرمجھے علم نہیں کہ میں نے کتنی رقم نکلوائی ہے، اب بنک مجھ سے وہ پوری رقم اداکرنے کا مطالبہ کررہے ہیں حالانکہ میں نے (3500) ریال سے زیادہ نہیں نکلوائے، توکیا میں ادائیگی کروں یا نہ ؟

پسندیدہ جواب

جب آپ کویہ علم
ہے کہ آپ نے (3500) ریال سے زیادہ نہیں نکلوائے توآگرآپ استطاعت رکھتے ہیں تو
پھراس رقم سے زیادہ کی ادائیگی نہ کریں.

اوراگراستطاعت نہیں رکھتے (وہ اس
طرح کہ آپ کوقید وغیرہ کو دھمکی ہو) توپھرآپ ان سے بات چیت کے ذریعہ رقم کم
کروائیں اوراس کے ساتھ ساتھ اس حرام معاہدے پراللہ تعالی کے ہاں توبہ واستغفار
کریں.

واللہ اعلم.